Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

نوے روز میں انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے درخواستوں کی سماعت کیلئے سپریم کورٹ کے بنچ کی تشکیل کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے نوے روز کی دستوری مدت میں انتخابات کے انعقاد کے معاملے پر چیف جسٹس آف پاکستان کی جانب سے بنچ کی تشکیل کو خوش آئند قرار دے دیا

دستور سے سنگین انحراف اور شہریوں کے بنیادی حقوق کی پیہم خلاف ورزی کا سلسلہ ریاست اور شہریوں کے مابین تعلق پر نہایت منفی اثرات مرتب کر رہا ہے

آئین ہر لحاظ سے بالادست، ریاست اور شہریوں کے مابین رشتے کی بنیاد اور پاکستان کی بقا، سلامتی اور ترقی کا ضامن ہے،

دستور عوام کو اختیار و اقتدار کا کلیتاً مالک بناتا ہے جو اپنا یہ اختیار آزادانہ، منصفانہ اور شفاف طریقے سے منتخب کئے گئے نمائندوں کے ذریعے بروئے کار لاتے ہیں،

آئین جمہور کے علاوہ کسی کو حقِ حاکمیّت سونپتا ہے نہ ہی انتخاب کے علاوہ کسی اور طریقے سے حکمرانوں کے تعیّن کو جائز تصور کرتا ہے،

سپریم کورٹ سابق سپیکر پنجاب اسمبلی کی درخواست پر 90 روز میں انتخابات کے دستوری تقاضے کی اپنے 4 اپریل 2023 کے فیصلے میں نہایت مفصل تشریح کر چکی ہے۔

امید ہے کہ عدالتِ چیف جسٹس کی سربراہی میں عدالتِ عظمیٰ کا قائم کردہ تین رکنی بنچ وقت کی نزاکت کے پیشِ نظر تیز تر انداز میں سماعت مکمل کرے گا اور 90 روز میں انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے آئین کی منشا کا احترام یقینی بنائے گا، منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ